چیف ایڈیٹر: ضیا شاہد

ملتان

روزنامہ خبریں

Daily KHABRAIN

ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد 22 | جمعۃ المبارک 24 محرم الحرام 1435ھ 29 نومبر 2013ء 16 مگھر 2070ب صفحات 16 قیمت 12 روپے | شمارہ 177

## اساتذہ کے مسائل حل کیے بغیر تعلیمی نظام کو بہتر نہیں بنایا جاسکتا: نشاط خان ڈاہا

خانیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اساتذہ کے مسائل حل کیے بغیر تعلیمی نظام کو بہتر نہیں کیا جاسکتا۔ یہ بات نشاط خان ڈاہا نے کہی۔ گزشتہ روز مقامی ہوٹل میں تعلیم کے لئے کوشاں ادارہ برائے پائیدار ترقی کے زیر اہتمام سیمینار منعقد ہوا۔ سیمنار سے خطاب کرتے ہوئے ادارہ پائیدار ترقی کے سی او ڈاکٹر شہریار نے بتایا کہ ایک سروے کے مطابق والدین میں تعلیم بارے آگاہی نہ ہونے کے باعث تیس فیصد بچے آج بھی سکولوں میں جانے سے محروم ہیں اور سرکاری سکولوں میں پینے کا صاف پانی اور باتھ روم کی سہولتوں کا فقدان ہے جبکہ سرکاری سکولوں کے اساتذہ کا کہنا ہے کہ حکومت پنجاب کی جانب سے پولیو مہم اور یو پی ای پروگرام میں اساتذہ کو گھر گھر جا کر کام کرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے سکولوں میں بچوں کی تعلیم متاثر ہوتی ہے جبکہ اساتذہ کے ان مسائل کو حل کیے بغیر سکولوں میں تعلیم کے نظام کو بہتر نہیں کیا جاسکتا۔ ایم پی اے نشاط احمد خان ڈاہا نے کہا کہ حکومت پنجاب ان مسائل کو جلد حل کرے گی اور آئندہ پانچ سالوں میں بچوں کی حاضری سو فیصد تک ہو جائے گی۔ محکمہ تعلیم کی افسر نگہت خالد نے کہا کہ سکولوں میں تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کے لئے محکمہ تعلیم کے افسران دن رات کوشاں ہیں اور ماڈل سکولوں کے قیام کا سلسلہ جاری ہے اور یونیورسل پروگرام کے بہتر نتائج سامنے آرہے ہیں اور ادارہ برائے پائیدار ترقی کے سروے کے مطابق سکول مینجمنٹ اور سول سوسائٹی کے تعاون سے تعلیم کا نظام بہتر ہوسکتا ہے۔



خانیوال: ادارہ برائے پائیدار ترقی کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار سے ایم پی اے نشاط ڈاہا، ڈاکٹر شہریار اور نگہت خالد خطاب کررہے ہیں۔